ہے، اس کے علاوہ دنیا و آخرت کی بھلائیوں پر مشتمل مسنون دعائیں، چہل حدیث، اسمائے حسنیٰ، اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم اور مختلف روحانی وجسمانی بیماریوں کے علاج کے لئے ماثور وظائف اور مفید اسلامی معلومات بھی ذکر کی گئی ہیں۔ فاضل مؤلفہ کا انداز بیان نہایت عام فہم و دلکش، اردو شستہ ورواں اور معلومات مستند وٹھوس ہیں۔ امید ہے عام مسلمان خواتین وحضرات اس کی قدردانی کریں گے۔

قواعد التجوید : زیر نظر کتابچہ بھی محترمہ ام وردہ کی ہی تالیف ہے، جس میں انہوں نے انتہائی جامع اختصار کے ساتھ تجوید کے قواعد بیان کئے ہیں۔ آسان اور عام فہم اسلوب میں لکھا گیا یہ کتابچہ اردو خواں طبقے کے لئے نہایت مفید ہے۔ امید ہے اس کی قدر افزائی کی جائے گی۔ ملنے کا پتہ یہ ہے: مکتبہ بیت العلم، ڈیفنس ویو فیز 2 کراچی۔

غیر سید سے سیدہ عورت کا نکاح : تالیف: مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن۔ ناشر: دار التصنیف دار العلوم سعدیہ اوگی، مانسہرہ۔ سائز: 23×36/16۔ صفحات: 108۔ قیمت: درج نہیں۔

زیر تبصرہ کتاب ہزارہ ڈویژن کے نامور اور ممتاز عالم حضرت مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن کی تحقیقی و علمی کاوش ہے، جس میں انہوں نے قرآن وحدیث اور فقہاء احناف کی تصریحات سے یہ بات ثابت کیا ہے کہ نکاح میں اگرچہ کفاءت معتبر ہے، مگر یہ اولیاء کا حق ہے، اگر وہ اپنے اس حق کو ساقط کرتے ہوئے غیر کفو میں اپنی لڑکی کا نکاح کر دیں تو وہ نکاح منعقد ہو جائے گا۔ یہی حکم سید زادی کا بھی ہے، اگر اس کے اولیاء اس کا نکاح غیر سید سے کر دیں تو وہ نکاح جائز ہو گا۔ اس کتاب کی وجہ تالیف بیان کرتے ہوئے فاضل مؤلف نے لکھا ہے کہ ان کے دار الافتاء سے ''ولی کی رضامندی سے سیدہ عورت کے غیر سید سے نکاح'' کی بابت استفتاء کے جواب میں جواز کا فتویٰ دیا گیا۔ جس کے جواب میں ایک اور صاحب علم نے عدم جواز کا فتویٰ صادر کیا۔ دار الافتاء میں جب عدم جواز کا فتویٰ آیا تو فاضل مؤلف نے اپنے باصلاحیت فرزند مفتی امین الرحمٰن کو اس کا جواب لکھنے کا حکم دیا۔ انہوں نے اس کا انتہائی تحقیقی اور مدلل جواب لکھا، جسے کافی پسند کیا گیا۔ کتاب کے آخر میں ان کے اس تحقیقی جواب کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ مگر مسئلہ کی اہمیت کے پیش نظر فاضل مؤلف کو اس بات کا خیال آیا کہ اس کی مزید وضاحت ہونی چاہئے، چنانچہ انہوں نے اس کے تمام گوشوں پر تفصیلی و تحقیقی کلام کیا ہے اور کوشش کی ہے کہ ہر بات اور ہر مسئلہ باحوالہ ہو۔

یہ کتاب کارڈ ٹائٹل کے ساتھ معیاری کاغذ پر چھپی ہے۔ کمپوزنگ اور سیٹنگ میں سلیقہ مندی کا خاص خیال رکھا گیا ہے۔

تحفہ اعتکاف : زیر تبصرہ کتابچہ میں مولانا ابوحذیفہ شاہد محمود صاحب نے ماہِ رمضان کی ایک اہم ترین عبادت اعتکاف کے ضروری مسائل، اقسام، فضائل، شرائط، مکروہات، ممنوعات، مفسدات، وغیرہ پر نہایت مختصر مگر جامع انداز سے روشنی ڈالی ہے، عام مسلمانوں کے لئے اس کا مطالعہ بغایت مفید ہے، ملنے کا پتہ یہ ہے: اسلامی کتب خانہ بالمقابل مدنی مسجد مانسہرہ اور رحمانیہ دینی کتب خانہ پکھوال روڈ مانسہرہ.............................☆